© rasailojaraid.com

# زندہ ایمان

سبزی منڈی یا فروٹ منڈی میں
یا سبزی اور پھل کی دکان پر
- چند لمحات رک کر سوچیے!

زمین کے پیٹ سے، جیسے کسی نہ ختم ہونے والے خزانے سے
کن کن شکلوں کے، رنگوں کے، ذائقوں کے، خواص کے،
پروڈکٹس نکلے چلے آرہے ہیں۔

اگر آپ جانتے نہ ہوں، آپ نے دیکھا نہ ہو، کوئی بتائے تو
کیا آپ اسے سچ مان لیں گے؟

ان سائنسی حقائق سے زیادہ خلاف عقل بات شاید کوئی نہ لگے!

دوستو! جب آخرت واقع ہو جائے گی
تو اس سے بڑی سائنسی حقیقت کوئی نہ ہوگی

بات تو جب ہے کہ سچے آدمیؐ کی بات ابھی مانو:

وہ دن آئے گا جب ہاتھ پاؤں بولیں گے گواہی دیں گے

اے اللہ کے بندو! تمھیں کیا ہوگیا ہے؟
اپنے مردہ، بے جان ایمانوں کو جھٹک دو
اللہ پر زندہ، جیتا جاگتا، بڑھنے والا ایمان لاؤ

© rasailojaraid.com